CIVIC ACTION TEAMS

Pakistan Coronavirus CivActs Campaign

بلیٹن نمبر 31

07.05.2021

کورونا وائرس جیسی عالمی وباء جعلی خبروں، غلط معلومات اور افواہوں کے باعث معاشرے میں تنازعات کا باعث بن سکتی ہے۔ پاکستان میں حالیہ سالوں میں سیلابوں، زلزلوں اور ڈینگی کے پھیلاؤ کے دوران بھی ان عوامل کا مشاہدہ کیا گیا۔ کووِڈ-19 کے دوران بھی صورتِ حال کچھ مختلف نہیں رہی جب جعلی خبروں، افواہوں اور حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے سے نہ صرف اس آفت سے نمٹنے والے رضا کار اور عملہ متاثر ہوا بلکہ ایسی خبروں اور افواہوں کی موجودگی میں عوام بھی اپنا حقیقی کردار ادا کرنے سے قاصر رہی۔

درجِ بالا عوامل کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان نے یورپین یونین کے مالی تعاون اور ایشیا فاؤنڈیشن پاکستان کی تکنیکی معاونت سے کورونا وائرس سِوک ایکٹس کیمپین(Coronavirus CivicActs Campaign) کے نام سے ایک مہم شروع کی۔ اس مہم کے ذریعے حقائق کی جانچ پڑتال کرکے درست اعدادو شمارمرتب کرکے اور ورچوئل فورمزکے انعقاد سے ہر ہفتے معلوماتی بُلیٹنز تیار کیے جاتے ہیں۔اہم حکومتی فیصلوں، تصویری مواد، عوامی ردِ عمل، افواہوں کو مسترد کرکے مستند معلومات، بعض حلقوں کی منطقی تشویش اور صحت اور دیگر متعلقہ شعبوں سے اٹھنے والے سوالات کو ان بُلیٹنز کا حصہ بنایا جاتا ہے۔ ان بُلیٹنز کا مقصد ملک کے کمزور ترین طبقات خصوصاً خیبر پختونخواہ اور سندھ کے پسماندہ طبقات تک درست معلومات پہنچانا ہے (ان میں نسلی و مذہبی اقلیتیں، بیرونِ ملک سے واپس آنے والے تارکینِ وطن، متاثرینِ سمگلنگ، قیدی، خواتین، داخلی طور پر بے گھر افراد، ٹرانس جینڈرز، معذور افراد، متاثرینِ جبراور دیگر پسماندہ طبقات شامل ہیں)۔ ان بُلیٹنز کو اردو اور سندھی میں ترجمہ کرکے پیش کیا جاتا ہے جبکہ پشتو زبان میں آڈیو بُلیٹنز پیش کیے جاتے ہیں۔ یہ بُلیٹنز متعلقین، مقامی حکومتی نمائندوں، ذرائع ابلاغ، قانونی امدادکے اداروں، مقامی ریڈیو اسٹیشنوں، تعلیمی اداروں، خدمات ِ عامہ کے اداروں اور دیگر انسان دوست اداروں کو آن لائن اور آف لائن دونوں ذرائع سے بھیجے جاتے ہیں۔

پاکستان میں کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال

تصدیق شدہ کیس	کل ایکٹو کیس	کل اموات	کل رکوریز
850,131	83,699	18,677	747,755

صوبے	ایکٹِو کیسز	تصدیق شدہ کیسز	اموات	ریکوریز
پنجاب	40,979	314,517	8,891	264,647
سندھ	17,424	289,646	4,698	267,524
اسلام آباد	11,188	77,414	702	65,524
کے پی کے	10,521	122,520	3,537	108,462
کشمیر	2,063	17,660	499	15,098
بلوچستان	1,412	23,016	243	21,361
گلگت بلتستان	112	5,358	107	5,139

ذرائع: http://covid.gov.pk/stats/pakistan

یورپئین یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپئین یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

حقیقت افواہ

کورونا وائرس کے دوران مقامی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر اس عالمی آفت کے بارے میں غلط معلومات اور مفروضے گردش کرتے رہے ہیں۔

افواہ

COVID-19

روس میں لاشوں کے پوسٹ مارٹم سے ثابت ہو اکہ کرونا وائرس کی کوئی حقیقت نہیں

آن لائن شائع ہونے والے آرٹیکلز اور سوشل میڈیا پوسٹوں میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ روس میں عالمی ادارہ صحت کے مجوزہ قانون کے برعکس کروناو ائرس سے وفات پانے والے افراد کی لاشوں کا پوسٹ مارٹم کیا گیا ۔ تاہم ذمہ دار ذرائع نے اس خبر کو رد کیا ہے کہ عالمی ادارہ صحت نے روس میں کرونا وائرس سے وفات پانے والے افراد کے خصوصی ہدایات کے مطابق پوسٹ مارٹم کی اجازت دی تھی۔ مزید برآں، اس خبر میں یہ دعویٰ کیا گیا ہے کہ جن افراد کا پوسٹ مارٹم کیا گیا ان کی موت کی وجہ بیکٹیریا سے بننے والے خون کے لوتھڑے تھے جن کا علاج اینٹی بائیوٹکس اور دیگر ادویات سے ممکن تھا۔ اگر چہ کووِڈ۔19 کے بعض مریضوں میں خون کے لوتھڑوں کا مسئلہ سامنے آیا ہے تا ہم کرونا وائرس کی بنیاد بیکٹیریا نہیں اور اس کا علاج منہ کے ذریعے لی جانے والی ادویات سے ممکن نہیں ۔ واضح رہے کہ روس میں مرنے والے 100 فیصد افراد کا پوسٹ مارٹم ہوتا ہےتاکہ پتہ چل سکے کہ ان کی موت کی وجہ کووِڈ۔19 ہی تھی (سوائے اُن کے جنہیں ان کا مذہب اجازت نہ دیتا ہو)۔

حقیقت



پاکستان میں دستیاب ویکسین کووِڈ۔19 کی تمام اقسام پر موثر ہے

ماہرین نے پہلی فرصت میں کرونا وائرس ویکسین لگوانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اب تک ایسے کوئی اعدادو شمار سامنے نہیں آئے جن سے پتہ چلتا ہو کہ کرونا وائرس ویکسین اس کی کسی ایک یا زیادہ اقسام پر مفید نہ ہو۔ اگرچہ اب تک کرونا وائرس کی متعدد اقسام کی شناخت ہو چکی ہے جن میں سے برطانوی، جنوبی افریقی اور برازیلین اقسام کی پاکستان میں موجودگی تصدیق ہوچکی ہے تاہم اس کا مطلب یہ نہیں کہ ویکسین کسی مخصوص قسم کے خلاف موثر ہے اور دیگر کے خلاف اس کی اہمیت کم ہوجاتی ہے اس لیے ضروری ہے کہ لوگوں کی ویکسین لگوانے کے لیے حوصلہ شکنی نہ کی جائے۔ ملک کے ہرفرد سے اپیل ہے کہ وہ نیشنل کمانڈاینڈآپریشن سینٹر (این سی اوسی) کی رجسٹریشن کی ہدایات اور احتیاطوں کو مدنظر رکھتے ہوئے پہلی فرصت میں ویکسین لگوائیں ۔ اسی طرح ملک کے کے ہر شہری کو چاہیے کہ وہ طے شدہ قواعدوضوابط (ایس او پیز) پر عمل جاری رکھے کیونکہ یہ کرونا وائرس کی تمام اقسام سے بچانے کے لیے موثر ہے اور ہر کوئی ان پر بآسانی عمل کر سکتا ہے ۔ ابھی بھی ملک میں کروناوائرس کے کیسز میں خطر ناک اضافہ جاری ہے اور اس پھیلاؤ کو روکنے اور ہسپتالوں پر بوجھ کرنے کے لیے ہمیں اجتماعی سطح پر کوششیں کرنا ہونگی۔

(ذریعہ۔ روزنامہ ڈان، رائیٹرز)

یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئین یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

پاکستان میں ویکسین کی تازہ ترین صورتحال

رجسٹریشن ۔ اپنا شناختی کارڈ نمبر کسی بھی موبائل نمبر سے 1166 پر ایس ایم ایس کریں یا نادرا کی درجِ ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کریں nims.nadrda.gov.pk

بزرگ شہری (عمر 50 سال یا زائد) اپنے آپ کو رجسٹر کروائیں اور اپنے کسی بھی قریبی ویکسین سینٹر چلے جائیں

عام شہری (عمر 40 سے 49 سال) ویکسینیشن کا آغاز 3 مئی سے ہو چکا ہے۔ ان شہریوں کو ویکسین سینٹر اور ویکسین لگنے کی تاریخ کے متعلق ایس ایم ایس کے ذریعے آگاہ کردیا جائے گا۔

رجسٹرڈ طبی اہلکار۔ویکسینیشن سینٹر اور ویکسین لگنے کی تاریخ سے متعلق بذریعہ ایس ایم ایس آگاہ کر دیا جائے گا۔ غیر رجسٹرڈ طبی اہلکار درجِ ذیل ویب سائٹ ملاحظہ کریں اور خود کو رجسٹرڈ کریں hcw-rms.nitb.gov.pk/hcw/register

(ذریعہ ۔ این سی او سی)

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا کورونا وائرس سے متاثر ہے تو آپ درج ذیل سرکاری صوبائی ہیلپ لائنز پر کال کرسکتے ہیں:

یورپیئن یونئین کے معاون تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

اپریل کے مہینے میں پشاور میں 30ہزار شہریوں پرایس او پیز کی خلاف ورزیوں کے جرمانے عائد کیے گئے۔

شہر میں کرونا وائرس کا پھیلاؤ روکنے کے لیے گزشتہ مہینے پشاور کی **ٹریفک پولیس** اور **ضلعی انتظامیہ** نے مل کر کام کیا تاکہ **ایس او پیز پر عملدرآمد** کو یقینی بنایا جاسکے۔ اس مہم کے دوران ایس او پیز کی خلاف ورزیوں مثلاً بازار جاتے ہوئے اور رش والی جگہوں پر ماسک نہ پہننے پر تقریباً **30 ہزار افراد** کو جرمانے کیے گئے ۔ **عوامی آگاہی** کے لیے ٹریفک پولیس کے اہلکاروں نے عوام میں ماسک تقسیم کیے ، انھیں ایس او پیز پر عملدرآمد کی اہمیت سے آگاہ کیا اور اس سے انکار کرنے والے افراد کو جرمانے کیے ۔ مزید برآں، صوبے کے بہت سے شہروں میں **تجارتی سرگرمیوں پر پابندی** کے دنوں میں کاروبار کھلے رکھنے اور دکانوں میں اجازت سے زیادہ لوگوں کو اکٹھے کرنے پر بہت سے بازاروں اور دیگر **عوامی مقامات** کو **سیل** بھی کیا گیا ۔

(ذریعہ۔ روزنامہ ڈان)

ماسک پہنیں



فاصلہ برقرار رکھیں

محفوظ رہیں



کورونا وائرس کی علامات ظاہر ہونے پر اپنے ڈاکٹر یا کورونا وائرس ہیلپ لائن **1166** پر رابطہ کریں۔

1166

یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

صوبہ سندھ میں کرونا وائرس کی وجہ سے حفاظتی ٹیکوں کی مہم جاری رکھنے میں مشکلات درپیش

سندھ میں بچوں کو مختلف **بیماریوں سے بچانے کے لیے ویکسین** لگانے کی اہمیت سے عوامی آگہی کے لیے ہر سال **حفاظتی ٹیکوں کا عالمی ہفتہ** منایا جاتا ہے ۔ کووِڈ-19 کی وجہ سے بہت سے بچوں کوان کے لیے ابتدائی عمر میں ضروری معمول کے حفاظتی ٹیکے نہیں لگائے جاسکے جس کی ایک بڑی وجہ پاکستان میں ویکسینز کے خلاف **منفی پراپیگنڈہ** بھی ہے جو پہلے **پولیو ویکسین** کے خلاف کیا جاتا تھا اور اب **کرونا وائرس ویکسین** کے خلاف کیا جارہا ہے۔ اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے جناح سندھ میڈیکل یونیورسٹی نے **ایکسٹینڈڈ پروگرام آن اِمّیونائزیشن(ای پی آئی)** سندھ کے اشتراک سے ایک ویبینار کا اہتمام کیا جس کا موضوع **"کروناوائرس کی عالمی آفت کے دوران حفاظتی ٹیکوں کے بارے میں افواہیں اور حقائق"** تھا ، ویبینار کا مقصدعوام کو مستند معلومات کی فراہمی اور لوگوں کو ویکسینیشن کےحوالے سے مثبت رائے فراہم کرنا تھا۔ اسی طرح ای پی آئی عوامی تعاون کے ساتھ ملک سے **11 بیماریوں کے خلاف اینٹی جینز** فراہم کر رہا ہے تاکہ ان بیماریوں کا جڑ سے خاتمہ ہوسکے۔

(ذریعہ۔ روزنامہ ڈان)

کروناو ائرس کے خلاف جدوجہد کے لیے اسلام آباد انتظامیہ اور تاجر برادری کے درمیان مشترکہ کوششوں پر اتفاق

اسلام آباد **چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی)** کے صدر سردار یاسر الیا س خان اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد حمزہ شفقات نے شہر کے **بازاروں** میں **ایس او پیز پر عملدرآمد** کا جائزہ لینے کے لیے مشترکہ دورہ کیا۔دونوں رہنماؤں نے شہر میں گوشت کی دکانوں، بیکریوں ، کریانہ سٹورز ، اشیاء خوردونوش کے مقامات اور دیگر دکانوں کا دورہ کرکے جائزہ لیا کہ آیا **دکاندار اور گاہک** کروناوائرس کی تیسری لہر کو سنجیدہ لے کر اس کے **خاتمے کے لیے** اپنا کردار ادا کر رہے ہیں یا نہیں۔ آئی سی سی آئی رہنما اور ڈپٹی کمشنر نے اس بات پر اتفاق کیا کہ شہر کے **تمام متعلقین کے درمیان تعاون** سے ہی کرونا وائرس کی وجہ سے پیدا شدہ صورتحال پر قابو پایا جاسکتا ہے کیوں کہ ایس او پیز پر زبردستی عملدرآمد کروانا لوگوں میں مزاحمت اور غصے کا باعث بنے گا۔ مزید برآں دونوں رہنماؤں نے اس صورتحال سے نمٹنے کے لیے تعاون پر دیگر اداروں کا بھی شکریہ ادا کیا تاکہ اسلاآباد دیگر صوبوں کے لیے بھی مثال بن سکے۔آئی سی سی آئی کے رہنماؤں نے جہاں ڈپٹی کمشنر دفتر کی طرف سے عائد پابندیوں پر عملدرآمد کا یقین دلایا وہیں انھوں نے درخواست کی کہ رمضان کے آخری ہفتے میں **کاروباری اوقات** میں اضافہ کیا جائے تاکہ شہری **عید کے لیے خریداری** کر سکیں جس سے گزشتہ سال کرونا وائرس کے آغاز سے مندی کا شکار کاروباروں کو بھی تقویت مل سکے گی۔

(ذریعہ۔ روزنامہ ڈان)

یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئین یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

ویکسین لگواچکنے والے افراد کے لیے" کرنے اور نہ کرنے والے کاموں" کے حوالے سے رہنما معلومات

نہ کرنے کے کام

بھاری ورزش سے گریز کریں

کروناوائرس ویکسین کی دونوں خوراکیں مکمل ہونے کے کم از کم دو ہفتے بعد تک دیگر کوئی بھی ویکسین لگوانے سے گریز کریں

کسی چھوٹی جگہ جہاں ہوا کا گزر نہ ہو مثلاً ریستوران یا عجائب گھر وغیرہ جانے سے گریز کریں

وائرس پھیلانے اور دیگر افراد کو خطرے میں ڈالنے سے گریز کریں

کرنے کے کام

پانی پیتے رہیں اور اپنا خیال رکھیں



ماسک پہن کر رکھیں اور ایسے افراد سے سماجی فاصلہ برقرار رکھیں جنہیں ویکسین نہیں لگی



بین الاقوامی سفر کے دوران اپنے ٹیسٹ کا نتیجہ یا قوت مدافعت کا ثبوت(جو بھی آپ کے ملک میں درکار ہو) اپنے پاس رکھیں

اوسط درجے کی رش والی جگہوں یا عوامی اجتماعات پر جانے سے گریز کریں خصوصاً ایسے وقت میں جب وہاں موجود لوگوں کو ویکسین نہ لگی ہو

(ذریعہ۔ ریڈرز ڈائجسٹ)

یورپیئن یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئین یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

سندھ اور خیبر پختونخوا میں بڑے ویکسین مراکز

وفاقی اکائی

خیبر پختونخوا

ماس ویکسینیشن سینٹرز(ایم سی وی)	رابطہ نمبر
پبلک ہیلتھ سکول ، (لاہوری) پشاور	0333-9117845
ٹی بی سی ، ایبٹ آباد	0333-5067280
ڈی آئی خان پولیس لائن ہسپتال ، ڈیرہ اسماعیل خان	0344-9300068
تاجک پوسٹ گریجوایٹ نرسنگ سکول ، پشاور	0343-9298076

تمام بڑے ویکسین سینٹرز کے رمضان المبارک کے اوقات
صبح کی شفٹ۔ 10 بجے صبح سے سہ پہر 3 بجے تک
شام کی شفٹ۔ رات 8:30 سے رات 12 بجے تک



سندھ

ماس ویکسینیشن سینٹرز(ایم سی وی)	رابطہ نمبر
ڈاؤ ڈینٹل ۔ کراچی شرقی	0317-2608989 0334-1664946
ڈاؤ اوجھا ہسپتال، کراچی شرقی	0321-9209920 0334-1664946
خالق دینا ہسپتال، کراچی جنوبی	ڈاکٹر آفتاب (0301۔3540427)
جے پی ایم سی ہسپتال ، کراچی جنوبی	ڈاکٹر عدنان (0333۔3110672)
یس جی قطر ہسپتال ، کراچی غربی	021-99333476-7 0333-2606993 021-99333474 0322-2552555
چلڈرن ہسپتال ، کراچی وسطی	0213-6408933 0213-6408930
لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سا ئنسز	022-2115091

نجی ویکسینیشن سینٹرز

- او ایم آئی ہسپتال
- ضیاء الدین ہسپتال
- ساؤتھ سٹی ہسپتال
- ٹبہ ہارٹ ہسپتال
- انڈس ہسپتال
- ہاشمانیز ہسپتال

یورپئین یونئین کے معالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپئین یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپئین یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔

میں اپنا ٹیسٹ کہاں سے کروا سکتا/سکتی ہوں؟

اسلام آباد	**قومی ادارہ صحت** پارک روڈ ، چک شہزاد ، اسلام آباد
کراچی	**آغا خان یونیورسٹی ہسپتال** ، اسٹیڈیم روڈ ، کراچی ، سندھ
حیدرآباد	**لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز (LUMHS) ،** لبرٹی مارکیٹ چکر ، لیاقت یونیورسٹی اسپتال کے قریب ، حیدرآباد ، سندھ
خیرپور	**گمبٹ انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز** ، گمبٹ ، خیرپور ، سندھ
پشاور	**حیات آباد میڈیکل کمپلیکس** ، فیز 4 فیز 4 حیات آباد ، پشاور ، کے پی
مردان	**چغتائی لیب ،** مردان پوائنٹ ، شمسی روڈ ، مردان ، کے پی
ھری پور	**ایکسل لیبز ،** ٹی ایم اے پلازہ شاپ نمبر 6 ، گرلز ڈگری کالج سرکلر روڈ ہری پور کے قریب ، کے پی
لاھور	**شوکت خانم میموریل ہسپتال ،** 7 اے بلاک آر۔ 3 ایم اے جوہر ٹاؤن ، لاہور ، پنجاب
ملتان	**نشتر ہسپتال ،** نشتر روڈ ، جسٹس حامد کالونی ، ملتان ، پنجاب
راولپنڈی	**آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف پیتھالوجی ،** رینج روڈ ، سی ایم ایچ کمپلیکس ، راولپنڈی ، پنجاب
کوئٹہ	**فاطمہ جناح اسپتال** بھادر آباد ، وحدت کالوني ، كوئٹه
مظفر آباد	**عباس انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (اے آئی ایم ایس) ،** امبور ، مظفرآباد ، آزاد کشمیر
گِلگِت	**ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال ،** اسپتال روڈ ، گلگت ، جی بی

مزید شہروں کے لئے دیکھیں
COVID-19 Health Advisory Platform

آپ ہم سے 0092-333-5873268 پر وٹس ایپ پر رابطہ کرکےاپنے اردگر د کرونا وائرس سے متعلق پھیلی کسی افواہ، غلط معلومات یا دیگرکوئی معلومات ہمیں بتا سکتے ہیں ۔ ہم اپنی کرونا وائرس سِوایکٹس مہم کے ہفتہ وار بلیٹنز کے ذریعے ان افواہوں کا خاتمہ کرکے مستند معلومات کی آگاہی فراہم کر یں گے۔

یورپیئن یونئین کے مالی تعاون سے

accountabilitylab PAKISTAN

The Asia Foundation

اس اشاعتی مواد کو یورپیئن یونئین کے مالی تعاون سے ممکن بنایا گیا ہے۔ تاہم، اس کے مندرجات کی ذمہ داری مکمل طور پر اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان کے سر ہے، اور ضروری نہیں کہ یورپیئن یونئین اس میں پیش کئے گئے خیالات سے متفق ہو۔